## ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کو قومی اسمبلی کا اسپیکر اور فیصل کریم کنڈی کو ڈپٹی اسپیکر منتخب ہونے پر الطاف حسین کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔20، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کو قومی اسمبلی کا اسپیکر اور فیصل کریم کنڈی کو قومی اسمبلی کا ڈپٹی اسپیکر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کیلئے یہ ایک اعزاز ہے کہ وہ پاکستان ہی کی نہیں بلکہ پوری اسلامی دنیا میں اسپیکر کے عہدے پر فائز ہونے والی پہلی خاتون ہیں جس پر وہ خصوصی مبارکباد کی مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا قومی اسمبلی کے اسپیکر کی حیثیت سے ایوان کی کارروائی کو جمہوری انداز میں چلانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گی۔

## امام الانبیاء حضور اکرم ﷺ حیات طیبہ انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے، الطاف حسین
## پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو جشن عید میلاد النبیؐ کی مبارکباد

لندن۔۔۔20، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو امام الانبیاء سرکارِ دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے یوم ولادت کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضور اکرمؐ تمام عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں اور آپؐ کی حیات طیبہ نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے۔ جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ دین میں کوئی جبر نہیں اور نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰؐ نے اہل مکہ سے زور زبردستی کے بجائے اپنے عمل و کردار اور حسن اخلاق سے دین اسلام کی تبلیغ کی اور انہیں اسلام کے دائرے میں داخل کیا۔ انہوں نے کہا کہ دین میں جبر اور انتہاء پسندی قرآن مجید اور حضور اکرمؐ کی تعلیمات کی صریحاً نفی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضور اکرمؐ سے سچی عقیدت و محبت کا تقاضہ ہے کہ آپؐ کی سیرت طیبہ پر عمل کرتے ہوئے تمام مذاہب، مسالک اور عقائد کے ماننے والوں اور انکی عبادتگاہوں کا احترام کیا جائے اور مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو جشن عید میلاد النبیؐ کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ربیع الاول کے مبارک مہینے کا مکمل احترام کریں اور مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیں۔ جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنی تقاریر میں محبت و بھائی چارے کا درس دیں۔

## الطاف حسین کی جانب سے ہندو برادری کو ہولی کی مبارکباد

لندن۔۔۔20، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار ہولی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عید، ہولی، کرسمس یا دنیا کے دیگر مذاہب کے مذہبی تہوار خوشی کے طور پر منائے جاتے ہیں اور ایم کیو ایم تمام مذاہب کے مذہبی تہوار کا نہ صرف احترام کرتی ہے بلکہ ان کی خوشیوں میں بھی شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے ہندو برادری کے مذہبی تہوار ہولی کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس خوشی کے موقع پر اپنی اپنی عبادت گاہوں میں دنیا بھر میں امن وسکون، پاکستان کی سلامتی و بقاء اور عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم کا24واں یوم تاسیس جمعہ کولندن میں منایا جائے گا

لندن۔۔۔20،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ یوکے، کے زیراہتمام ایم کیوایم کا24واں یوم تاسیس کل بروز جمعہ کولندن میں منایا جائے گا۔تفصیلات کے مطابق دنیا کے مختلف ممالک کی طرح ایم کیوایم کا24واں یوم تاسیس کل لندن میں بھی منایا جائے گا اوراس سلسلے میں لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع وی آئی پی لاؤنج میں شام 6 بجے تقریب منعقد ہوگی۔تقریب میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خصوصی شرکت کریں گے اورفکرانگیز خطاب کریں گے۔لندن میں منعقد ہونے والی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان،ایم کیوایم برطانیہ شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان،ایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنان اوران کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔اس کے علاوہ پاکستان اور دیگر ممالک سے بھی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست ارکان اسمبلی اورایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین یوم تاسیس کی تقریب میں شرکت کیلئے لندن پہنچیں گے۔دریں اثناءایم کیوایم کی جانب سےلندن میں 24ویں یوم تاسیس کی تقریب کے تمام انتظامات کوحتمی شکل دی جاچکی ہے جبکہ تقریب میں شرکت کیلئے شرکاءکودعوت نامے بھی جاری کئے جاچکے ہیں۔علاوہ ازیں آج ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کااجلاس ہواجس میں یوم تاسیس کے اجتماع کے انتظامات کا جائزہ لیا گیااورانتظامات کوحتمی شکل دی گئی۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے رکن فہداحمد کی والدہ محترمہ کی علالت پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔20،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے رکن فہداحمد کی والدہ محترمہ شمع صدیقی کی علالت پرگہری تشویش کااظہارکیا ہے اوردعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محترمہ شمع صدیقی کوجلدازجلدمکمل صحت وتندرستی عطافرمائے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نےحق پرست عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ محترمہ شمع صدیقی کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کےحضورخصوصی دعاکریں۔

## بلدیہ ٹاؤن شانتی نگرکی اقلیتی اور ہزارہ برادری کے سینکڑوں افرادکی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔20،مارچ2008ء

بلدیہ ٹاؤن شانتی نگرکی اقلیتی اور ہزارہ برادری کے سینکڑوں افراد نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روزشانتی نگرکی اقلیتی برادری کی جانب سے منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں متحدہ قومی موومنٹ کے نومنتخب اقلیتی حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف،ایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی کے انچارج منورالاسلام،رکن پاسٹرجاویداوراقلیتی وہزارہ برادری کےلوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع میں شانتی نگرکی اقلیتی اور ہزارہ برادریوں کےافرادنے اپنے جذبات کااظہارکرتے ہوئے کہا کہ ہم متحدہ قومی موومنٹ کی عملی جدوجہد سے متاثر ہیں اورایم کیوایم ہی واحد جماعت ہےجس کا منشورملک میں آباد اقلیتوں اور برادریوں کے حقوق کی مکمل ضمانت دیتا ہے۔انہوں نے اس عزم کااعادہ کیا کہ وہ جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کوفروغ دینے کیلئے اپنا ہرممکن کرداراداکریں گے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئےحق پرست نومنتخب اقلیتی رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کی سچائی اب کسی سے چھپی نہیں رہی ہےاور جولوگ جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد میں روڑے اٹکارہے ہیں وہ باطل پرست قوتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہی وہ جماعت ہےجس نے اقلیتی عوام کابرے وقتوں میں ساتھ نہیں چھوڑااورایم کیوایم کے کارکنان نےعملی طورپرہمارے لئے اپنے گھروں کے دروازے کھولے رکھےاورہماری جان ومال اورعبادتگاہوں کوتحفظ فراہم کیا۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم اقلیتی امورکمیٹی کے انچارج منورالاسلام نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے اقلیتی اور ہزارہ برادریوں کے سینکڑوں افرادکی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیااورانہیں مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆